# وکی میٹ اپ کراچی (کراچی 1)

18 اکتوبر 2009ءبروز اتوار

بمقام میک ڈونلڈز، نجیب سینٹر، طارق روڈ، کراچی

## شرکاء:

1. ثاقب قیوم(صارف وکی میڈیا کامنز)
2. رابعہ ظفر(صارف انگریزی وکیپیڈیا)
3. فہد احمد کیہر(منتظم اردو وکیپیڈیا)
4. محمد علی مکی(صارف اردو وکیپیڈیا)
5. ندیم احمد اعوان(صارف اردو وکیپیڈیا، مقامی صحافی)
6. جمال عبد اللہ عثمان (مقامی صحافی، کالم نگار)

## لائحہ عمل:

- شرکاء کا تعارف
- وکیپیڈیا کے بارے میں آپ کے تاثرات، تجربات
- وکی پروجیکٹ پاکستان
- اردو وکیپیڈیا
- پاکستان میں وکیپیڈیا کی تشہیر تاکہ ملک میں آزاد معلومات کے نظریے کو پھیلایا جا سکے
- سوالات و جوابات
- اگلی ملاقات

### وکیپیڈیا کے بانی جمی ویلز کا پیغام برائے شرکائے "کراچی 1"

بہت خوب! حال ہی میں میرا چین میں پاکستانی سفیر کے گھر جانا ہوا۔ میرے ایک دوست بھی ہیں جو پاکستان میں ٹی وی پر کام کرنے والے صحافی ہیں۔ اس پہلے اجلاس کا سن کر بہت خوشی ہوئی اور میں بہت مشتاق ہوں کہ اگلے سال میں کسی وقت پاکستان جاؤں اور ادھر کے وکیپیڈیا گروہ سے ملاقات کروں۔ یہ بڑا اچھا ہوگا کہ پاکستانی وکیپیڈیا گروہ متحرک و منظم ہو جائے تاکہ ہم ایسی ملاقاتوں سے بذریعہ تشہیر (پریس کوریج) زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے اور مختلف امکانات، خصوصاً ان پر جو اردو وکیپیڈیا سے متعلق ہوں، اپنی توجہ مبذول کر سکے۔ میرے لیے سب سے قابلِ توجہ موضوعات میں ہندی و اردو وکیپیڈیا کا آپس میں تعاون ہے کیونکہ دونوں زبانیں کافی ملتی

جلتی ہیں۔ مجھے معلوم ہے کہ آپ لوگ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ خود آپ
کے لیے زیادہ قابلِ توجہ موضوعات کون سے ہیں۔

## تعارف:

ابتداء میں شرکاء نے ذاتی تعارف پیش کیا اور وکیپیڈیا کے حوالے سے اپنے تاثرات بیان کیے اور بتایا کہ وہ کس طرح وکیپیڈیا سے متعارف ہوئے اور بعد ازاں کیسے اس میں شمولیت اختیار کی۔

## مسائل:

انگریزی وکیپیڈیا پر vandalism کا مسئلہ ، نئے صارفین کے لیے کام میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔

ہندوستانی وکی صارفین کی بہت بڑی تعداد کے باعث پاکستانی صارفین کے لیے کام کرنا بہت زیادہ مشکل ہے۔ افرادی قوت کی کمی وکی پروجیکٹ پاکستان کی ناکامی کا سب سے بڑا سبب ہے۔

انگریزی وکیپیڈیا پر صارفین کی تعداد بہت زیادہ ہونے کے باعث ایک نئے صارف کے لیے چومکھی جنگ لڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کی بہ نسبت اسے اردو وکیپیڈیا پر زیادہ آسان میدان میسر ہے جہاں وہ با آسانی اپنا کام کر سکتا ہے۔

اردو وکیپیڈیا پر لکھنے اور پڑھنے کے حوالے سے درپیش مسائل سے زیر بحث آئے۔ جن پر شرکاء کو اس ضمن میں تکنیکی مدد فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔

انگریزی وکیپیڈیا پر پاکستان کے حوالے سے بہت سارا مواد تفصیل کا طالب ہے جبکہ اردو وکیپیڈیا پر تو صورتحال بہت ہی زیادہ خراب ہے، وہاں پاکستان کے حوالے سے مواد بہت زیادہ موجود نہیں۔ کئی پاکستانی صدور، وزرائے اعظم اور اہم رہنماؤں پر مقالے سرے سے موجود نہیں حتیٰ کہ تقسیم ہند اور تحریک پاکستان کا مقالہ بھی نہیں پایا جاتا۔ اس کے علاوہ پاکستان پر جغرافیائی مضامین کی بھی بہت کمی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس پر کام کیا جائے۔

انگریزی پر پاکستان کے حوالے سے اچھے مضامین کی کمی ہے۔ پورے وکی پروجیکٹ پاکستان میں ایک بھی "منتخب مقالہ" (Featured Article) نہیں ہے۔

ہندی سے تعاون کرنے کی جو رائے جمی ویلز کی جانب سے پیش کی گئی ہے اس پر عملدرآمد کے امکانات کم ہیں، کیونکہ ہندی وکیپیڈیا پر سنسکرت کی مشکل ترین اصطلاحات بالکل اسی طرح استعمال کی جا رہی ہیں جس طرح اردو وکیپیڈیا پر عربی اصطلاحات۔

اردو وکیپیڈیا پر کام کرنے والے افراد کمیونٹی میں زیادہ متحرک نظر آتے ہیں، وہ یا تو خود بلاگر ہیں یا بلاگرز سے رابطے میں رہتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں انگریزی وکیپیڈیا پر کام کرنے والے افراد کمیونٹی میں زیادہ متحرک نہیں ہیں، جس کی وجہ سے انہیں افرادی قوت کی کمی کا مسئلہ درپیش آ رہا ہے۔

انگریزی وکیپیڈیا پر تمام تر مسائل کے باوجود ہمیں اردو کو زیادہ اہمیت دینی چاہیے کیونکہ انگریزی وکیپیڈیا، گو کہ زیادہ موثر ہتھیار ہے، کے مقابلے میں اردو وکیپیڈیا کی اہمیت ہمارے لیے اس لیے زیادہ ہے کیونکہ ایک کم پڑھے لکھے معاشرے کے لیے اردو زبان کا مواد زیادہ موثر ہوگا۔

اردو وکیپیڈیا پر زیر استعمال اصطلاحات کے حوالے سے شرکاء نے اپنے خدشات کا اظہار کیا تاہم اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ سائنسی و تکنیکی مضامین کے علاوہ ایسے بہت سے اہم موضوعات ہیں جن پر تنازع پیدا کیے بغیر لکھا جا سکتا ہے۔ اس ضمن میں خاص طور پر تاریخ ہند و پاک پر زور دیا گیا۔

## تجاویز:

اخبارات میں وکیپیڈیا پر مضامین شایع کروانے چاہئیں، خصوصاً اس صورتحال میں مضامین کی اشاعت کی ضرورت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے کہ اخبارات انگریزی و اردو وکیپیڈیا سے بڑی حد تک استفادہ کرتے ہیں۔

پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے نکلنے والے جرائد میں وکیپیڈیا کے حوالے سے مضامین کی اشاعت کے امکانات بہت زیادہ ہیں اس لیے اس جانب توجہ کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ صارفین وکیپیڈیا کی جانب متوجہ ہوں خصوصاً اس میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے۔ اس سلسلے میں اسپائیڈر اور انٹرنیٹ میگزین کے نام خاص طور پر لیے گئے جبکہ اردو وکیپیڈیا کے لیے گلوبل سائنس وغیرہ کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں قومی اخبارات میں شایع ہونے والے آئی ٹی کے صفحات کو بھی ہدف بنایا جا سکتا ہے۔ اس کے ذریعے وکیپیڈیا کا معلومات کے آزادانہ پھیلاؤ کا نظریہ زیادہ سے زیادہ آگے بڑھایا جا سکتا ہے اور اس طرح وکیپیڈیا کو نیا خون بھی میسر آ سکتا ہے۔

انگریزی وکیپیڈیا کے صارفین مقامی کمیونٹی میں متحرک ہوں، خصوصاً بلاگرز کو اس جانب متوجہ کریں کہ وہ انگریزی وکیپیڈیا پر پاکستانیوں کی افرادی قوت میں اضافہ کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ پروجیکٹ پاکستان کئی ماہ سے غیر فعال ہے۔

اردو وکیپیڈیا کی تشہیر کے لیے 'تشہیری بٹن' بنا کر اردو ویب سائٹس اور بلاگز پر فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ پاکستان میں معلومات کے آزادانہ پھیلاؤ کے نظریے کی ترویج کا حصہ بنیں۔

وکیپیڈیا پر کام صرف اور صرف مضامین لکھنا نہیں بلکہ زمرہ جات (کیٹگریز) کی درستگی، روابط (لنکس) ڈالنا، املاء کی غلطیاں درست کرنا، تصاویر شامل کرنا اور دیگر چھوٹے موٹے کام بھی اپنی جگہ بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کو انجام دینے کے لیے بھی خاص طور پر اردو وکیپیڈیا کو افراد کی ضرورت ہے، جبکہ انگریزی میں پروجیکٹ پاکستان وغیرہ کو متحرک کرنے کے لیے صارفین کی اشد ضرورت ہے۔

تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لیے اردو وکیپیڈیا زیادہ موثر ہے نسبتا انگریزی وکیپیڈیا کے۔ کیونکہ انگریزی میں مضامین پہلے سے تیار شدہ ہیں، جن میں آپ ایک حد تک اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں اردو میں تخلیقی مواد پیش کرنے کے امکانات زیادہ ہیں کیونکہ انگریزی

وکیپیڈیا کے مقابلے میں اردو وکیپیڈیا ابھی تعمیری مراحل میں ہے اور اس پر بہت زیادہ مواد کیے جانے کی ضرورت ہے۔

اردو وکیپیڈیا کی ترویج کے لیے ہندی وکیپیڈیا والی حکمت عملی اپنائی جا سکتی ہے جس کے مطابق انگریزی وکیپیڈیا پر کام کرنے والے افراد کسی بھی مضمون پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے ابتدائیے کا اردو ترجمہ اردو وکیپیڈیا پیش کریں گے۔ اسی حکمت عملی کو اپناتے ہوئے آج ہندی وکیپیڈیا جو کچھ عرصہ قبل اردو سے بہت پیچھے تھا، اب کہیں آگے نکل چکا ہے۔

## فیصلے:

انگریزی وکیپیڈیا پر مضامین میں کام کرنے والے افراد کم از کم تعارفی حصہ اردو میں ترجمہ کر کے اردو وکیپیڈیا کے لیے پیش کریں گے۔

عربی وکیپیڈیا سے تراجم اردو وکیپیڈیا پر پیش کیا جائیں گے۔

اردو وکیپیڈیا پر پاکستان کے حوالے سے موجودہ مضامین میں اضافہ کیا جائے گا اور اہم مضامین کی تخلیق کے لیے منصوبہ تشکیل دیا جائے گا۔

پاکستان کے حوالے سے تصاویر کی کمی ہے۔ جو ساتھی اپنی تصاویر دائرۂ عام میں دینا چاہتے ہیں، وہ اس سلسلے میں ثاقب قیوم کی مدد کریں گے۔

اگلی ملاقات موجودہ میٹنگ کے فیصلوں پر عملدرآمد کی روشنی میں جلد از جلد طے کی جائے گی۔

ویب سائٹس/بلاگز پر اردو وکیپیڈیا کی تشہیر کے لیے 'تشہیری بٹن' بنائے جائیں گے۔

انگریزی وکیپیڈیا سے وابستہ افراد کمیونٹی میں متحرک ہوں تاکہ بلاگرز اور دیگر انٹرنیٹ صارفین کو انگریزی وکیپیڈیا پر لکھنے پر آمادہ کیا جا سکے۔

## سوالنامہ:

آخر میں شرکاء سے سوالنامہ بھروایا گیا جس سے اندازہ لگایا گیا کہ صارفین وکیپیڈیا کے بارے میں کتنا جانتے ہیں۔ اس سوالنامے کے نتائج کا اعلان میزبان ہی کریں گے۔